دنیا کے بہت بڑے طیارہ بردار جہازوں میں سے ایک یو ایس ایس نمیز اوائل جولائی میں چنئی میں لنگر انداز تھا۔ امریکہ کے کسی طیارہ بردار جہاز کے ہندوستان میں لنگر انداز ہونے کا یہ پہلا واقعہ ہے۔ اس طیارہ بردار جہاز پر ایف ۱۸ سپر ہورنٹ سمیت مختلف پنکھ والے ۹۰ طیارے اور ہیلی کاپٹر رکھے جا سکتے ہیں۔ اس پر طیارہ بردار جہاز پر پرواز کیلئے ڈک کا رقبہ ۸.۱ ایکڑ ہے اور اس پر ۵۰۰۰ افراد پر مشتمل عملہ بھی رکھا جا سکتا ہے۔ چنئی کے قریب لنگر انداز رہنے کے دوران اس طیارہ بردار جہاز پر تعینات فوجیوں نے مقامی لوگوں کیلئے بہت سے خیر سگالی کے کاموں میں حصہ لیا۔

Registered Under RN-DELURD/2003/8333